# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 5مارچ2019ء

آج مورخہ 5مارچ 2019ء کوالیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد کی زیر صدارت صوبہ خیبر پختونخوامیں بلدیاتی اداروں کی مدت کے اختتام کے بعد ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ایک مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔

2۔اجلاس میں الیکشن کمیشن کے سینئرافسران، خیبر پختونخوالوکل گورنمنٹ اور محکمہ قانون خیبر پختونخواکے سینئرافسران نے شرکت کی۔الیکشن کمیشن کے افسران کی جانب سے دی گئی بریفنگ میں بتایا گیاکہ صوبہ پختونخواکے بلدیاتی اداروں کی مدت 28اگست 2019ءکو ختم ہورہی ہے۔اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 140(A) اورالیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 219 (4)کے تحت صوبوں میں بلدیاتی اداروں کی مدت ختم ہونے کے 120 دن کے اندر بلدیاتی انتخابات کا انعقادالیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری ہے۔اجلاس میں بتایا گیاکہ خیبر پختونخواحکومت کے نمائندوں کوآج کی میٹنگ میں مدعو کرنے کامقصد یہ ہے کہ صوبائی حکومت کو بروقت آگاہ کیاجائے کہ بلدیاتی انتخابات سے متعلق تمام عمل کو تیز کیاجائے تاکہ صوبہ میں بلدیاتی انتخابات کاانعقاد بروقت ممکن ہوسکے۔

3۔صوبائی حکومت کوبتایا گیاکہ چونکہ بلدیاتی انتخابات منعقد کروانے سے قبل حلقہ بندیوں کا انعقادانتخابی فہرستوں کی تیاری اورٹریننگ کے لئے مناسب وقت درکار ہے لہذاضروری ہے کہ خیبر پختونخواہ حکومت 30اپریل 2019ءسے قبل تمام قسم کے قانونی سقم دور کرلے تاکہ الیکشن کمیشن اپنی آئینی و قانونی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے وقت مقررہ میں بلدیاتی انتخابات کرواسکے۔

4۔کے پی حکومت کے نمائندوں نے اجلاس میں بتایا کہ صوبائی حکومت نے موجودہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں کچھ ترامیم تجاویز کی ہیں جن پر کام جاری ہے۔انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے اٹھائے گئے تمام نکات کے بارے میں صوبائی حکومت کو مطلع کردیاجائے گا۔